INQUILAB-13th April,2019

انجمن اسلام اور سعودی عرب کے مابین ایکسچینج پروگرام کے تحت تعلیم کو فروغ دینے کی کوشش

انجمن اسلام سیف طیب جی کیمپس کے نئے آڈیٹوریم کے افتتاح کی تقریب کا منظر۔

بیلاسس روڈ، (نمائندۂ انقلاب): انجمن اسلام سیف طیب جی کیمپس میں بنائے گئے نئے آڈیٹوریم کا ہزا یکسیلنسی ڈاکٹر سعود بن محمد الستی کے ہاتھوں گزشتہ روز افتتاح ہوا۔ ڈاکٹر سعود بن محمد سعودی عرب کی ۲؍مقدس مساجد کے نگراں کے نمائندے کی حیثیت سے ہندوستان آئے ہوئے ہیں۔ افتتاحی تقریب کے موقع پر انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ ’’انجمن اسلام ایک بڑا، معیاری اور قدیم تعلیمی ادارہ ہے، ایسے میں کیا ہی بہتر ہو کہ ایکسچینج پروگرام کو عملی شکل دے کر تعلیم کو فروغ دینے کی کوشش کی جائے۔ اس ایکسچینج پروگرام کے تحت یہاں سے طلبہ سعودی عرب اور سعودی عرب سے طلبہ انجمن اسلام آکر تعلیم حاصل کر سکیں۔ اس سلسلے میں سعودی حکومت ضابطہ کی تکمیل میں پوری مدد کرے گی۔‘‘

اس موقع پر انجمن اسلام کے صدر ڈاکٹر ظہیر قاضی نے انجمن اسلام کے قیام، اس کے مختلف اداروں، کورسیز اور یتیم خانوں کی تفصیلات بتائیں اور خوشی کا اظہار کرتے ہوئے اس تجویز کی ستائش کی۔

اس تقریب کے دوران سعودی عرب کے قونصل جنرل شیخ سعد القرنی، انجمن اسلام کے عہدیداران مشتاق انتولے، ڈاکٹر شیخ عبداللہ، محمد حسین پٹیل، معز میاں جی والا، معین الحق چودھری، مسز ریحانہ احمد اور عقیل حفیظ اسٹیج پر موجود تھے۔